## سوال

(274) کیا مرد کے لئے ٹیلی ویژن اور سینما کی اداکاراوں کی طرف دیکھنا۔۔۔۔۔

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مردوں کے لئے ان اداکارہ اور گلوکارہ عورتوں کے چہروں اور جسموں کی طرف دیکھنے کا کیا حکم ہے جو ٹیلی ویژن یا سینما یا ویڈیو پر نظر آتی ہیں یا جن کی کاغذ پر تصویریں بنی ہوتی ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان کی طرف دیکھنا حرام ہے کیونکہ ان تصویروں کی وجہ سے بھی آدمی ان کے فتنہ میں مبتلا ہوجاتا ہے اور سورہ نور کی حسب ذیل آیت کریمہ میں ارشاد ربانی ہے :

قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ (النور۲۴/۳۰)

''(اے پیغمبر!) مومن مردوں سے کہہ دو کہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں، یہ ان کے لئے بڑی پاکیزگی کی بات ہے (اور) جو کام یہ لوگ کرتے ہیں، اللہ ان سے خبردار ہے۔''

یہ حکم سب عورتوں کے لئے عام ہے خواہ ان کی کاغذ پر تصویریں بنی ہوں یا ٹی وی وغیرہ کی سکرین پر نظر آئیں۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 369

محدث فتویٰ